بھی بہت محل و مقام ہیں کہ انہیں تبدیلی حرکت سے قاری انکا بالاتفاق کافر ہوتا ہی جیسا کہ بذریعہ جدول ذیل کے ظاہر کیا جاتا ہے

سورہ	حرکت	وجہ کفر
فاتحہ	اَنْعَمْتَ	ضمہ تا
بقر	وَاِذِ ابْتَلٰی اِبْرٰاہِمَ رَبُّہٗ	فتحہ با ربہ
بقر	قَتَلَ دَاوٗدُ جَالُوْتَ	فتحہ دال ثانی
بقر	وَاللّٰہُ یُضٰاعِفُ	فتحہ عین
نسا	رُسُلًا مُّبَشِّرِیْنَ وَمُنْذِرِیْنَ	فتحہ ذال

وجہ کھٹر	حرکت	سورہ
کسرہ ہا ثانی	إِنَّ اللّٰهَ بَرِيٓءٌ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ وَرَسُوْلُهٗ	توبہ
فتحہ ذال	وَمَا كُنَّا مُعَذِّبِيْنَ	بنی اسرائیل
ضمہ بار	وَعَصٰٓى اٰدَمُ رَبَّهٗ	طٰہٰ
فتحہ تار	إِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ	انبیاء
فتحہ ذال	لِتَكُوْنَ مِنَ الْمُنْذِرِيْنَ	شعراء
ضمہ ہار اور لے	إِنَّمَا يَخْشَى اللّٰهَ مِنْ عِبَادِهِ الْعُلَمٰٓؤُا	فاطر
فتحہ ذال	وَلَقَدْ أَرْسَلْنَا فِيْهِمْ مُّنْذِرِيْنَ	صافات
فتحہ واو	اَلْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ	حشر
فتحہ ہمزہ	لَا يَأْكُلُهٗٓ إِلَّا الْخَاطِئُوْنَ	حاقہ
فتحہ نون	فَعَصٰى فِرْعَوْنُ الرَّسُوْلَ	مزمل
فتحہ ظار	فِيْ ظِلٰلٍ	مرسلات
فتحہ ذال	إِنَّمَآ أَنْتَ مُنْذِرُ	والنازعات

اور پھر تبدیلی حرکات سے زیادہ تبدیلی الفاظ کی ہی اور وہ تبدیلی مخرج حرف سے پیدا ہوتی ہی مثلاً سورہ بنی اسرائیل میں ہے ایک جگہہ وَمَا كَانَ عَطَآءُ رَبِّكَ مَحْظُوْرًا جسکے معنی ہیں اور نہیں بخشش تیری رب کی بند کی گئی اور دوسری جگہہ ہے إِنَّ عَذَابَ رَبِّكَ كَانَ مَحْذُوْرًا جسکے معنی ہیں تحقیق کہ عذاب رب تیری کا ہی خوف کیا گیا پس اگر لفظ محظور اور محذور کو بتبدیل مخارج نہ پڑھیں تو ایک تو تبدیلی لفظ کی ہوا اور دوسرے کچھہ کے کچھہ معنی ہوں یا سورہ واقعہ میں فَسَبِّحْ بِاسْمِ رَبِّكَ الْعَظِيْمِ ٥ آیا ہی جسکے معنی ہیں پس تسبیح کر تو بنام پروردگار اپنے کے جو بزرگ ہے پس اگر سین مہلہ فسبح کو مخرج صاد سی پڑھیں تو پناہ بخدا معنی آیہ یہ ہونگی پس شراب صبح کی پلا تو بنام پروردگار اپنے کے جو بزرگ ہے ہیطرح سورہ خلاص میں اگر کلمہ قُلْ کے قاف غلفصی کو کاف عکدی کے مخرج سی پڑھیں تو بجائے معنی تو کہہ وہ خدا ایک ہے کے العیاذ باللہ یہ معنی ہونگی کہ تو کہا کہ وہ خدا ایک ہے یا آنکہ درود میں کلمہ صَلِّ کو جو معنی طلب رحمت کے ہے مخرج سین مہلہ سی پڑھیں تو معاذ اللہ اور توبہ توبہ تلوار کھینچنے اور قتل کرنے کے معنی ہونگی ونحو ذالک پس یہہ تبدیلیاں شدید تر ہیں جو قباحت لفظی اور معنوی کو شامل ہیں اور افراط و تفریط اور نقصان و زیادتی کو دلالت کرتے ہیں حدیث میں آیا ہی الزائد فی کتاب اللہ والناقص منہ ملعون یعنی جو کوئی زیادہ کرے کتاب اللہ میں یا اس سے کم کرے وہ ملعون ہے اللہ تعالیٰ شانہ ہم جمیع مومنین کو لحون ممنوعہ خفی اور جلی سے محفوظ رکھے اور تمام اہل اسلام کو توفیق حصول علم تجوید اور اسپر عمل کرنے کی عطا فرماوے جسکے سے قرات

تلاوت قرآنی بے فساد ہاتھ آوے آمین ثم آمین فثم آمین پہلا باب حفظ وقوف میں وقوف جمع وقف کی ہے اور
وقف ضد وصل کی اور مراد وقف سے یہ ہے کہ آخر حرف کلمہ موقوف علیہ پر سانس اور آواز توڑ دیجاوے
جس سے ایک تو خلط معنی نہو اور دوسرے قاری کو راحت ملے سو اس مراد حاصل کرنے کو مجودین نے جو جو
صورتیں وقف کی قرار دی ہیں وہ علیحدہ علیحدہ فصول میں بیان کیجاتی ہیں جناب ام المومنین ام سلمہ رض
فرماتی ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہر آیہ کی اخیر پر وقف فرماتے تھے اور یہی عمل صحابہ اور تابعین
اور تبع تابعین کا تھا **فصل اوّل اسکان مجرّد کے بیان میں** اسکان مجرد اسکو کہتے ہیں کہ لفظ
کے آخر حرف کو ساکن کرکے اسپر قطع نفس اور قطع آواز کیجاوے اور کوئی سی حرکت اس حرف موقوف علیہ پر
نہ لائی جاوے جیسے بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ سے بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمۡ اور مٰلِکِ
یَوۡمِ الدِّیۡنِ سے مٰلِکِ یَوۡمِ الدِّیۡنۡ اور وَاِیَّاکَ نَسۡتَعِیۡنُ سے وَاِیَّاکَ نَسۡتَعِیۡنۡ
اور وَلَا الضَّآلِّیۡنَ سے وَلَا الضَّآلِّیۡنۡ وعلی ہذا القیاس اور جو حرف موقوف علیہ منصوب ہو تو
اسکے نصب کو الف کے ساتھ ابدال کیا جاوے جیسے عَظِیۡمًا سے عَظِیۡمَا اور جہاں تائے تانیث متحرکہ
گرد یعنی غیر دراز مکتوب ہو وہاں تائے مذکور کا ابدال ہائے ہوز سے کیا جاوے مثلاً جَنَّةٌ سے جَنَّہۡ
یہ اسکان سب وقفوں کی اصل ہی اور کل وقف پر اسکو غلبہ ہے **تنبیہ** ہمنے جو مثال سورہ فاتحہ کی چار
مقاموں کی دی ہے اس سے یہ نہ سمجھا جاوے کہ یہی چار مقام وقف کے ہیں حالانکہ وہ مقام وقف تام کے
ہیں اور وقف حسن کے دس مقام اسمیں اور ہیں جیسے بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ رَبِّ الۡعٰلَمِیۡنَ
اَلرَّحۡمٰنِ اَلرَّحِیۡمِ اِیَّاکَ نَعۡبُدُ اِھۡدِنَا الصِّرَاطَ الۡمُسۡتَقِیۡمَ اَنۡعَمۡتَ عَلَیۡہِمۡ غَیۡرِ الۡمَغۡضُوۡبِ عَلَیۡہِمۡ
فصل دوم روم کے بیان میں اصطلاح قرا میں روم اسکو کہتے ہیں کہ جب کسی حرف موقوف علیہ
کی حرکت کو ساقط کیا جاوے تو ساتھ اسکی آواز اسقدر ضعیف کیجاوے کہ پوری آواز جلیہ سے اس حرکت
کی صرف ایک ثلث آواز خفیہ رہجاوے جسکو یا قاری سنے یا وہ شخص جو ملاصق قاری ہو اور کوئی نہ سن سکے اور
جب ایسا ہی تو ظاہر ہے کہ روم میں بہ نسبت اسکان مجرد کے قاری کو کم استراحت ملتی ہی اور نابینا قاری
سے ملصق ہونیکی وجہ سے روم کو سن سکتا ہی اور بہرہ اس سے بے بہرہ رہتا ہی یہ عمل روم کا یا تو مرفوع پر
ہوتا ہے جیسے عَزِیۡزٌ حَکِیۡمٌ یا مجرور پر جیسے بَصِیۡرٍ خَلَّاقٍ یا مضموم پر جیسے نَسۡتَعِیۡنُ یا
مکسور پر جیسے یَوۡمِ الدِّیۡنِ ھٰٓؤُلَآءِ مفتوح اور منصوب پر نہیں ہوتا اسوجہ سے کہ فتحہ اپنے ہلکے پن
کی وجہ سے جلدی نکلتا ہے پس اگر فتحہ روم کیا جاوے تو وہ تھوڑا ادا نہو گا پورا ادا ہو گا جیسا کہ حالت وصل میں ادا ہوتا ہے پس روم
خاص ہے واسطے رفع اور جر اور ضمہ و کسرہ کی لفظ کے آخر کو وقف کی حالت کے ساتھ بخلاف اختلاس کے کہ وہ عام ہے اور شامل ہے جملہ حرکات کو
اور خاص نہیں ہوتا ہے لفظ کے آخر کو وقف کی حالت کے ساتھ بلکہ لفظ کے اول اور درمیان اور آخر اور نیز وصل کی حالت میں سب کہیں
ہوتا ہے اور اسمیں ایک ثلث حرکت کا گرا دیتے اور دو ثلث ثابت رکھتے ہیں تتمہ حرکت کی پوری آواز کا اندازہ یا اسکے

ایک تہائی یا دو تہائی کے مقدار قاری کامل کے منہ سے سُننے پر منحصر ہے تحریر میں آنا اُسکا دشوار ہے **فصل سوم اشمام کے بیان میں** جب بعد اسکان حرف موقوف علیہ کے دونو لب قاری کے اسطرح باہم منضم ہوں کہ تھوڑا سا سوراخ انمیں سانس باہر آنے کو باقی رہے اور منہ قاری کا غنچہ صفت ہو جاوے تو اسکو اصطلاح قرا میں اشمام کہتے ہیں اس عمل کو بہرا پا سکتا ہے اور اندھا اسکے پانے سے معذور رہتا ہے اسلئے کہ یہ اشمام صرف ایک اشارہ ہوتا ہے طرف ضمہ اور رفع کے کہ حرف آخر کلمہ کا آیا مضموم تھا یا مرفوع کوئی آواز نہیں ہوتی مثلاً نَسْتَعِیْنُ حَکِیْمٌ اس اشمام کی تین قسمیں اور بھی ہیں ایک حرف کو حرف میں مخلوط کرنا دوسرے حرکت کو حرکت میں قدرے مخلوط کرنا کہ قصد ضمہ کا ہو اور کسرہ ادا کیا جائے تیسرے حرکت کا پوشیدہ کرنا اس طور پر کہ حرکت تو خوب ظاہر ہو نہیں مگر اثر اسکا باقی رہے **تنبیہ** اشمام بھی تحریر میں نہیں آسکتا قاری ماہر اور مستند کی قرأت دیکھنے پر منحصر ہے اور اُسی سے سیکھنے پر موقوف ہے **فصل چہارم معرفت محل اوقاف اور اوصال میں** متاخرین نے جو تقسیم وقوف کی ہے تو انہی ہر ایک کے لئے ایک رمز بھی جدا گانہ اپنے اپنے محل پر قرار دی ہے از انجملہ ایک یہ رمز ہے ○ یہ رمز وقف تام کی ہے اسپر بالاتفاق حکم توقف کا ہے اور جو رمز اس صورت کی ہے ۃ اُسپر کوفیین کا اتفاق نہیں ہے اور از انجملہ ایک یہ رمز ہے م یہ رمز وقف لازم کی ہے اسکے بعض محل پر توقف نکرنے میں احتمال کفر کے عائد ہونیکا بھی ہے اسلئے اس رمز پر توقف ضرور چاہئے اور از انجملہ ایک یہ رمز ہے ط یہ رمز وقف مطلق کی ہے اگر اس رمز کے محل پر توقف نہ کریں تو اکثر مواضع قرائنہ میں اختلاف معنوی لازم آوے اس سے اسپر بھی توقف بالضرور چاہیئے اور از انجملہ ایک رمز ہے ج یہ رمز وقف جائز کی ہے اس سے وقف اور وصل دونو مراد ہو سکتی ہیں مگر توقف اولیٰ ہے اور از انجملہ ایک رمز ہے ز یہ رمز وقف مجوز کی ہے اس سے بھی وقف اور وصل دونو مراد ہو سکتی ہیں مگر وصل اظہر اور اقویٰ ہے اور از انجملہ ایک یہ رمز ہے ص یہ رمز وقف مرخص کی ہے اس سے یہ مراد ہے کہ بحالت ضرورت اور اضطرار مثل انقطاع نفس کے وقف کی البتہ رخصت ہے والا وصل اولیٰ ہے اور از انجملہ ایک یہ رمز ہے صلے جو الوصل اولیٰ کا اختصار ہے اس سے یہ مراد ہے کہ اس محل پر وصل اولیٰ ہے اور از انجملہ ایک یہ رمز ہے صل اور یہ صیغہ امر کا ہے کلمہ وصل سے پس مراد اس سے وصل اولیٰ ہے اور از انجملہ ایک یہ رمز ہے ق جو مخفف قد قیل علیہ الوقف کی ہے اس سے یہ مراد ہے کہ بعض قرا سے یہاں وقف منقول ہے پس وصل اولیٰ ہے اور از انجملہ ایک یہ رمز ہے قف اور یہ صیغہ امر کا ہے وقف سے جسکے معنی ٹھیرنے کے ہیں پس مقصود اس سے یہ ہے کہ اس محل پر توقف کرنے میں تغیر معنی نہیں ہوتا اور از انجملہ ایک رمز ہے ∴ یہ رمز معانقہ کی ہے اور معانقہ آپس میں دست بگردن اور بغلگیر ہونے کو کہتے ہیں پس جہاں کہیں قرآن شریف میں دو محل وقف کے باہم دست بگردن ہوتے ہیں وہاں ایک پر ج تو توقف کرتے ہیں نہ دونو پر ج جیسے الٓمٓ ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَيْبَ ج فِيْهِ ج اسکو وقف مراقبہ اور وقف میاد لہ بھی کہتے ہیں اور از انجملہ ایک یہ رمز ہے لا جو لا وقف علیہ کا اختصار ہے اور مراد اس سے یہ ہے کہ

اس محل پر توقف قطعاً منع ہی اگر بر تقدیر بوجہ نہ باقی رہنی سانس کے قاری مضطر ہوا اور وقف ہو جاوے تو استیناف اور اعادہ لازم ہی اور از انجملہ ایک یہ رمز ہی ○ (لا) اس رمز پر بھی وقف ناجائز ہی مگر جو وقف اضطراری آجاوی تو پھر حاجت اعادہ کی نہیں ہے اور از انجملہ ایک رمز ہی س اور یہ اختصار سکتہ کا ہی اور سکتہ مصدر ہے جسکے معنی خاموش ہونے کے ہیں پس اس سے یہ مراد ہے کہ سانس لینے کے زمانہ سی کمتر زمانہ بلا قطع نفس کے قطع قرأت میں صرف ہو تا کہ اقرب بوصل ہوا اور از انجملہ ایک یہ رمز ہے وقفہ اور وقفہ مصدر ہے جسکے معنی ٹھیر جانا ہیں پس مراد اس سے یہ ہی کہ اسجگہ سانس لینے کے زمانہ سی کمتر زمانہ بلا قطع سانس کے اس طور پر توقف کیا جاوے کہ اقرب بتوقف ہو ورنہ اسمیں اور سکتہ میں کچھ فرق نہوگا اور از انجملہ ایک یہ رمز ہے فلا جو قبل لا وقف علیہ کا اختصار ہے اور مراد اس سی یہ ہے کہ اس محل پر بعض نے توقف نہیں کیا لہذا وقف اولیٰ ہے اور از انجملہ ایک یہ رمز ہی سم جو بسماع الوقف کا اختصار ہی پس اس سے یہ مقصود ہے کہ اگر اس محل پر توقف کیا جائے تو کچھ نقصان بھی نہیں اور از انجملہ ایک رمز ہے لا سم جو بسماع عدم الوقف کا مخفف ہے اس سی یہ مراد ہے کہ اگر اس محل پر وصل کریں تو کچھ الزام بھی نہیں انکے سوا ایک یہ رمز ہے ک جو کذلک کا مخفف ہے اور اس سے یہ مراد ہے کہ جو رمز ماسبق کا حکم ہی وہی اسکا حکم ہے انکے علاوہ ایک اور رمز بھی تھی جو مجموعہ دو یا زیادہ رموز کا ہوتا ہی جیسے ○ (صلے) ایسی مجموعہ سی یہ مقصود ہے کہ رمز بالائشین صلے کا اس محل پر حکم نافذ ہے اور اب ہم ایک جدول ان رموز کی بطور گوشوارہ لکھتے ہیں

رمز	بیان	رمز	بیان
○	وقف چاہئے	ز	وصل اظہر اور اقوی ہے
م	لازمی وقف ہے	ص	وصل چاہئے مگر حالت اضطراری وقف کی رخصت ہے
ط	مطلق وقف ہے	صلے	وصل اولیٰ ہے
ج	جائز وقف ہے	صل	ایضاً
قف	ٹھیرنا بہتر ہے	ق	ایضاً
؞ ؞	کسی ایک پر وقف چاہئے نہ دونوں پر	لا	اگر وقف اضطراری ہی آجائے تو پھر اعادہ کر کے وصل کرے
وقفہ	بلا قطع نفس کے اسطرح قطع قرأت ہو کہ قریب توقف ہو	○ (لا)	پھر اعادہ کی حاجت نہیں اگر وقف اضطراری آجاوے
فلا	توقف اولیٰ ہے	س	بلا قطع نفس کے قطع قرأت ہو اسطور پر کہ تقریب بوصل ہو
سم	توقف کرنے میں کچھ نقصان بھی نہیں	لا سم	وصل کرنے میں کچھ الزام بھی نہیں

تنبیہ متاخرین کے اس تعینات میں اکثر وقوف ضروری تام اور لازم اور کافی اور حسن اور قبیح اور اقبح اور حرام اور کفران اور وقف منزل جسکو وقف جبرئیل بھی کہتے ہیں اور وقف النبی اور وقف غفران وغیرہ داخل و شامل ہیں اگر کوئی تعریف ہر ایک وقف کی جدا جدا چاہے تو اس فن کے کتب ضخیمہ کیطرف رجوع کرے ان اوراق میں

صرف وہی چند مطالب ضروری ہیں جسکی بار کو نو آموزوں کی طبیعتیں برداشت کر سکتی ہیں **فصل پنجم رموز اخماس اور اعشار وغیرہ کی بیان میں** علمائے حرمین اور کوفہ و شام و بصرہ نے جو آیات قرانیہ کا شمار کیا ہی تو اُنکے واسطے اپنے اپنی طور پر رمزیں بھی شمار آیات کے جدا جدا قرار دئی ہیں اگرچہ اُن رمزوں کو رموز اوقاف اور اوصال سے کچھہ واسطہ نہیں ہے لاکن کتابت قرآنیہ میں یہ رموز بھی مثل رموز اوقاف اور اوصال کے شامل ہیں ایک رمز اُنمیں سے یہ ہے ھ یہ رمز پانچ آیات کوفی کی ہی اور ماخوذ ہے پانچویں حرف ہائے ابجد سے جسکی پانچ عدد ہوتے ہیں اور ایک یہ رمز ہے ع یہ رمز دس آیہ کوفی کی ہی اور اختصار ہی لفظ عشر کا اور کبھی بجائے اس رمز کے یائے تحتانی معکوس بھی بدین صورت ے لکھتے ہیں کہ اُسکی ۱۰ عدد ہوتے ہیں اور ایک رمز یہ ہی ببت یہ رمز سر آیہ کوفی ہی اور ایک یہ رمز ہے خب یہ رمز پانچ آیہ بصری کی ہی اور لفظ خمسہ کا اختصار ہی اور ایک یہ رمز ہے عب یہ رمز دس آیات بصری کی ہی اور لفظ عشرہ کا اختصار ہی اور ایک یہ رمز ہے تب یہ رمز سر آیہ بصری ہی اور ایک یہ رمز ہے لب یہ رمز سر آیہ غیر بصری ہی اور ایک یہ رمز ہے شا یہ رمز آیہ شامی ہی اور ایک یہ رمز ہے تل یہ رمز آیہ مدنی ہے اور ایک یہ رمز ہے تک یہ رمز آیہ مکی ہی **تنبیہ** اگرچہ اخماس آیات قرانیہ کے بصریین کے نزدیک ایکہزار دو سو چھیالیس اور کوفیین کے نزدیک آٹھہ سو سینتالیس اور ایک خمس اور اعشار آیات کی بصریین کے نزدیک چھہ سو تیئیس اور کوفیین کے نزدیک چار سو تیئیس اور تین خمس ہیں جنکو پانچ یا دس میں ضرب کرنے سے کل آیات قرآنی بصریین کے نزدیک چھہ ہزار دو سو سولہ اور کوفیین کے نزدیک چھہ ہزار دو سو چھتیس ہوتے ہیں مگر مکیین کے نزدیک چھہ ہزار دو سو بارہ اور اسمعیل بن جعفر مدنی کے نزدیک چھہ ہزار دو سو چودہ اور عبد اللہ بن مسعود رضہ کے نزدیک چھہ ہزار دو سو اٹھارہ اور شامیین کے نزدیک چھہ ہزار دو سو پچاس اور عوام کے نزدیک چھہ ہزار چھہ سو چھیاسٹھہ بموجب اس قطعہ کے کل آیات قرآنی ہیں **قطعہ** رقم شش چہار بار نویس ٭ بہر تحصیل آیت قرآں ٭ نصف اول ز چار منسوخست ٭ اولیں نصف سوم شش گرداں ٭ سدس تسبیح و پنج سدس دگر ٭ حل و حرمت نمودہ اند بیاں ٭ ما بقی وعدہ و وعید و مثل ٭ قصص و امر و نہی در یکساں ٭ اور ماحصل اس قطعہ کا یہ ہے کہ رقم چھہ کی چار بار ایک سطر میں اسطرح لکھو (۶۶۶۶) اور اسکو تعداد آیات قرآن متداول کے جانو اب اُسکے آدھی آدھے دو ٹکڑے کرو اور پہلی آدھے دو بار چھہ چھہ (۶۶) کو عدد آیات منسوخہ کا یاد رکھو اب ہا دوسرا ٹکڑا آدھے دوم دو بار چھہ چھہ (۶۶) کا اپنی اپنے درجہ سیکڑوں اور ہزار ہر اسمیں سے پہلی چھہ کا ایک چھٹواں حصہ یعنی سو عدد آیات تسبیح کا جانو اور پانچ چھٹویں حصوں یعنی پانچ سو کو عدد آیات حلال اور حرام کا سمجھو مگر اس سبب سے کہ مصرعہ ہشتم میں لفظ در یکساں کا واقع ہی اور وہ گھیر رہا ہے تقسیم کرنے اپنی اپنے عدد مخصوص حل و حرمت اور وعدہ اور وعید وغیرہ

مصرعہ نظم کو اسلئے یہاں بھی پانچ سنو کے عدد کو حلال و حرام پر یکساں تقسیم کیا تو ہر ایک حصہ میں ڈھائی ڈھائی سو
عدد آیات کے آئے اسکے بعد جو ایک عدد چوتھا چھہ کا (۶) اپنے درجہ ہزار پر اور رہا ہکو وعدہ اور وعید اور
امثال اور قصص اور اوامر اور نواہی پر یکساں قسمت کیا تو ہر ایک کے حصہ میں سو سو خارج قسمت آیا پس
معلوم ہوا کہ قرآن مرمج میں (۶۶) تو آیات منسوخہ ہیں اور (۱۰۰) آیات تسبیح اور ڈھائی ڈھائی سو آیات حلال و
حرام اور سو سو آیات وعدہ و وعید و امثال و قصص و امر و نہی ہیں جسکا مجموعہ (۶۶۶۶) ہوا اور کلمات قرآن
شریف کے حمید اعرج کے نزدیک چھہتر ہزار چار سو تیس اور مجاہد کے نزدیک چھہتر ہزار دو سو پچاس اور عبد العزیز
بن عبد اللہ کے نزدیک ستتر ہزار چار سو انتالیس اور حروف قرآن شریف کے عبد اللہ بن مسعود رض کے
نزدیک تین لاکھ بائیس ہزار چھہ سو ستر اور مجاہد کے نزدیک تین لاکھ اکیس ہزار ایکسو اکیس ہیں پس جسطرح اختلاف
حروف و کلمات اور آیات قرآنیہ کا بین العلما ہے اسیطرح اختلاف چند گی سور کا ہے زید بن ثابت رض کے نزدیک
ایک سو چودہ سورتیں ہیں اور عبد اللہ بن مسعود کے نزدیک ایک سو گیارہ سورتیں الحمد اور معوذتین کو
وہ قرآن نہیں جانتے اور ابی بن کعب کے نزدیک ایکسو پندرہ سورتیں ہیں اسطرح کہ الم ترکیف اور لایلاف
سورۂ واحد ہے اور دو سورتیں حفد و خلع اور انہ جملہ قرآن ہیں کہ وہ قرآن میں جمع نہیں ہوئیں سورۂ
حفد یہ ہے بسم اللہ الرحمن الرحیم اللھم ایاک نعبد ولک نصلی ونسجد والیک نسعی ونحفد ونرجوا
رحمتک ونخشی عذابک ان عذابک بالکفار ملحق اور سورہ خلع یہ ہے بسم اللہ الرحمن الرحیم
اللھم انا نستعینک ونستغفرک ونثنی علیک ولا نکفرک ونخلع ونترک من یفجرک
اور مجاہد کے نزدیک ایکسو تیرہ سورتیں ہیں انفال اور برات سورہ واحد ہے اور علماء شیعہ کے نزدیک
ایکسو بارہ سورتیں ہیں والضحی اور الم نشرح سورہ واحد ہے اور الم ترکیف و لایلاف سورۂ واحد ہے

دوسرا باب بیان حروف میں

حرفوں کی بیان کا سمجھنا اور انپر عمل کرنا نہایت ضروری ہے
اگرچہ یہہ بیان نہایت وسیع ہے مگر نو آموزوں کے واسطے بقدر لکھا جائیگا جسکے وہ متحمل ہوسکتے ہیں

فصل اول مخارج حروف میں

مخرج حرفوں کا علی الاطلاق دہن ہے اور انہیں تین مقام مشہور ہیں
حلق اور وسط دہن اور لب مجودین نے انہیں تینوں مقاموں کو قسمت کرکے سترہ مقام
واسطے مخارج حروف کے کہے ہیں اگرچہ بنظر باصوات مختلفہ ہر ایک حروف کے چاہئے تھا کہ مخرج ہر ایک
حرف کا جداگانہ ہوتا یعنی جو انتیس حرف تھے تو انتیس ہی مخرج انکے ہوتے مگر اس سبب سے کہ جو جو حرف نہایت
قریب اور متصل باہم نکلتے ہیں اور بحکم اتحاد مخارج کا رکھتے ہیں انکے لئے ایک ہی مخرج قرار دیا گیا ہے اور تفریق
اور تمیز انکے باہمدیگر کے منجملہ دیگر صفات مستحسنہ پر رکھی گئی ہے جسکا بیان ہم آئندہ فصل جداگانہ
میں کرینگے یہاں بخیال خلط ملط کے اسکو لکھنا مناسب نہیں جانتے مجودین نے لکھا ہے کہ جسطرح مدعی نے واسطے
ترانہ وہی حرف کیواسطے مخرج ہے کہ اس سے کمیت اور مقدار جانی جاتی ہے اور اسقدر الگ مخارج کو کہا ہے کہ

جس حرف کا مخرج دریافت کرنا ہو اُسکو ساکن کرکے اور ماقبل اُسکی ہمزہ متحرکہ لاکے اُسکو تلفظ کریں پس جس مقام پر آواز اُس حرف کی موقوف ہو وہی مقام اُس حرف کا مخرج ہے جیسے اَبْ و اَسْ و اَدْ و اَجْ و اَمْ و اَقْ وغیرہ اور بیان مخارج میں فرمایا ہی کہ **مخرج اول** جوف دہن ہے یہاں سی تین حرف مدہ یعنی الف ساکن ماقبل اُسکا مفتوح اور واؤ ساکن ماقبل اُسکا مضموم اور یائی تحتانی ساکن ماقبل اُسکا مکسور نکلتی اور تفخیم و ترقیق میں تابع اپنی حرف ماقبل کے ہوتے ہیں **تنبیہ** نصف آواز الف سے فتحہ اور نصف آواز واو سے ضمہ اور نصف آواز یائی تحتانی سے کسرہ بنایا گیا ہی پس جب تینوں حرف الف اور واؤ اور یائی تحتانی خود ساکن اور ماقبل انکا انہیں کے حرکت متجانسہ سی متحرک آتا ہے تب یہ حرف مدہ کہلاتے ہیں اور جب ماقبل انکا مفتوح اور یہ خود ساکن ہوتے ہیں تب یہ حرف **لین** بولے جاتے ہیں ورنہ انکو **حرف علت** کہتے ہیں اور اس ترتیب میں یہ تینوں جمع ہیں وای **تنبیہ** مخرج الف کا ہمیشہ جوف دہن ہی رہتا ہے اس سبب سے کہ ماقبل اُسکا ہمیشہ مفتوح ہوتا ہے بخلاف واؤ اور یائی تحتانیہ کے کہ انکی حرف ماقبل کی حرکت تبدیل بھی ہوتی ہے جنسی حرکت نہیں رہتی اور جب ایسا ہوتا ہی تب ہی انکا مخرج بھی بدل جاتا ہے جوف دہن مخرج نہیں رہتا جیسا کہ آئندہ معلوم ہوگا **تنبیہ** بیان مخارج میں دستور ہی کہ جس حرف کا مخرج مقدم یعنی سینہ سی قریب ہوتا ہے اُسکا ذکر پہلے کرتے ہیں لہذا ہم بھی اسی دستور کو مرعی رکھینگے **مخرج دوم** اقصائی حلق جانب سینہ ہی یہاں سے دو حرف ہمزہ اور ہائی ہوز بہ ترتیب نکلتے اور باریک پڑھی جاتے ہیں **تنبیہ** اگرچہ بعض کے نزدیک مخرج الف کا بھی یہی محل ہے مگر وہ ہوائیہ ہی تمامی اُسکی ہوا پر ہی اور بوجہ سکون دائمی کی بہ تبعیت اپنے ماقبل کی بسہولت جوف دہن سے نکلتا ہے جیسے ما و لا بخلاف ہمزہ کی کہ وہ ساکن بھی ہوتا ہی اور متحرک بھی ہوتا ہی اور دونو حالتوں میں اس صدمہ سے ادا ہوتا ہی کہ ناف سینہ کیطرف حرکت میں آتی ہی جیسے اِنْ و یاْخُذُ و انا و یامن **مخرج سوم** وسط حلق ہے اسجگہ سے عین اور حائی مہملتین بترتیب نکلتی اور باریک پڑھی جاتے ہیں **مخرج چہارم** ادنائے حلق یعنی کامی حلق ہے یہاں بھی دو حرف غین اور خائے معجمتین بہ ترتیب نکلتے اور پُر پڑھے جاتے ہیں۔

فائدہ حلق سی یہ چھ حرف ء و ہ و ع و ح و غ و خ جو اس ترکیب میں جمع ہیں اخی غعہا نکلتی اور حلقیہ کہلاتے ہیں **مخرج پنجم** اقصائے زبان اندرون آخر لہات ہے یہاں سی قاف نکلتا ہے اور مفخم پڑھا جاتا اور علمی اور لہویہ کہلاتا ہے **مخرج ششم** اقصائے زبان بیرون آخر لہات ہے یہاں سے کاف نکلتا اور مرقق پڑھا جاتا اور عکدی و لہویہ کہلاتا ہے **مخرج ہفتم** وسط زبان محاذی حنک اعلی ہی اس مقام سے تین حرف جیم اور شین معجمہ اور یائی غیر مدہ نکلتی ہیں جیم اور یائے باریک اور شین متفشی پڑھا جاتا ہے اور یہ تینوں حرف شجریہ کہلاتے ہیں **تنبیہ** یائے غیر مدہ وہ یائی ساکن ہے جسکا ماقبل مکسور نہو اور تفشی اسی کہتے ہیں جسکی بولنے میں ہوا منہ میں پُر اور پراگندہ ہووے **مخرج ہشتم** حافہ زبان متصل اضراس بالا ہی یہاں سے ضاد معجمہ نکلتا اور مفخم مع الاطباق پڑھا جاتا اور مستطیل اور حافتی اور اضراسی کہلاتا ہے


مستطیل اسلئے کہ اپنے مخرج سے اسقدر درازی کے ساتھ نکلتا ہی کہ زبان مخرج لام سے متصل ہوتی ہی اور حافتی اسلئے کہ کنارہ زبان سے نکلتا ہے اور اضراس سے ہی وجہ سے کہ ایک طرف کی پانچ اوپر کی ڈاڑہوں سے نکلتا ہی تنبیہ اخراج ضاد ضراس بالا کے دونو جانب سے علما کو اختلاف ہی کلام سیبویہ کا تو دونو جانب کو دلالت کرتا ہی اور ابو حیان ارشاف میں کہتے ہیں کہ اکثر کے نزدیک جانب ایسر ہے اور اقل کے نزدیک جانب ایمن اور کلام سیرافی سے معلوم ہوتا ہی کہ جانب ایمن ضراس بالا معتاد و سطی نکلنے ضاد صحیحہ کے ہی نہ جانب ایسر اسلئے کہ ایسر سے ضاد ضعیفہ خارج ہوتا ہے اور ضاد ضعیفہ کبھی مشابہ بصورت ظاء معجمہ کا ہوتا ہی اور کبھی مخلوط التلفظ مابین ضاد اور ظائے معجمتین کے تو اب اس تقریر سے متعین ہوا کہ اخراج ضاد کے لئے جانب ایمن ضراس بالا ہی نہ جانب ایسر اور یہ بھی مستفاد ہوا کہ مجودین نے ضاد کو مشتبہ الصوت ظائے معجمہ کا خیال کیا ہی نہ کسی دوسرے حرف کا اور محمد جزری نے تو یہانتک واسطے تفریق ضاد اور ظاء کے احتیاط کی ہے کہ اپنی مقدمہ میں الفاظ ظائیہ تمام کلام اللہ کے طلبہ پر ظاہر کردیئے ہیں اور کان کھول کر سُنادیا کہ ضاد کو ساتھ صفت استطالت اور مخرج کی تمیز کر ظاء معجمہ سے ہم اس جگہ واسطے ثبوت اپنی دعوے کی صرف تین شعر نظم مقدمہ محمد جزری سے نقل کرتے ہیں اور باقی کو بخیال طوالت چھوڑتے ہیں

وَالضَّادُ بِاسْتِطَالَةٍ وَمَخْرَجٍ	مَيِّزْ مِنَ الظَّاءِ وَكُلُّهَا تَجِي
اَلظَّعْنَ ظِلِّ الظُّهْرِ عُظْمِ الْحِفْظِ	اَيْقِظْ وَاَنْظِرْ عَظْمِ ظَهْرِ اللَّفْظِ
ظَاهِرْ لَظًى شُوَاظِ كَظْمِ ظَلَمَا	اُغْلُظْ ظَلَامِ ظُفُرٍ اِنْتَظِرْ ظَمَا

مگر ہم نہیں جانتے کہ ہمارے زمانہ کے لوگ ضاد کو مخرج دال مہملہ سے کس اعتبار سے ادا کرتے ہیں اور دندان اضراس سب بتیس ہوتے ہیں اس صراحت سے کہ آدمی کے منہ میں بتیس ۳۲ دانت مشہور ہیں کے جو تلے اوپر دو سلکوں متساوی میں منسلک ہوتے ہیں چار قسمیں ہیں ایک ثنایا جو جمع ثنیہ کی ہی یہ وہ آگے کے سامنے والے چار دانت ہوتے ہیں جو دو دو کر کے نیچے اور اوپر دونو جابوں میں جڑے ہوتے ہیں دوسری رباعیات جو جمع رباعیہ کی ہی یہ وہ چار دانت ہوتے ہیں جو طرفین میں ثنایا کے ایک ایک کر کے تلے اور اوپر دونو سلکوں زیریں و بالا میں نصب کئے گئے ہیں انکو قواطع بھی کہتے ہیں تیسرے انیاب جو جمع ناب کی ہی یہ وہ چار دانت ہیں جو جانبین میں رباعیات کے ایک ایک کر کے نیچے اوپر دونو جابوں میں جڑے ہوتے ہیں انکو اسر اور نیش اور نوکدار اور دندان تیز بھی کہتے ہیں چوتھے اضراس جو جمع ضرس کی ہی یہ وہ بیس دانت ہیں جو پانچ پانچ کر کے تلے اوپر طرفین میں انیاب کے واقع ہیں انکو دندان کرسی یا کرسی دار بھی کہتے ہیں اور انہیں اضراس سے مقصود ہمارا مخرج ہشتم میں ہے اب ان ضرس کے تین نوع ہیں اول ضواحک جو جمع ضاحک کی ہی یہ وہ چار دانت ہیں جو تلے اوپر ایک ایک کر کے دونو طرف انیاب کے قائم ہوتے ہیں اور دم خندہ دکھلائی دیتے ہیں

دوم طواحن جو جمع طاحنہ یا طاحونہ کی ہے یہ وہ بارہ دانت ہیں جو ہر دو سلک فوق و تحت میں داہنے
بائیں ضواحک کے تین تین کر کے نصب ہوتے ہیں انکو دندان آسیا بھی کہتے ہیں **سوم نواجذ** جو جمع
ناجذ کی ہے اور نجذ کے معنی سخت کاٹنے کے ہیں یہ وہ چار دانت ہیں جو یمین و یسار طواحن میں
ایک ایک کر کے نیچے اوپر واقع ہیں انکو دندان حلم اور دندان عقل بھی کہتے ہیں **مخرج نہم**
حافہ زبان مع محاذی حنک بالائے ضواحک و انیاب و رباعیہ ہے یہاں سے لام نکلتا ہے اور
پُر بین بین اور باریک بین بین پڑھا جاتا او منحرفہ کہلاتا ہے اس سبب سے کہ اُسکے نکالنے میں زبان رخوت
سے شدت کیطرف انحراف کرتی ہے **تنبیہ** صرف اللہ کے لام ساکن کو تعظیماً جبکہ ماقبل اُسکا مفتوح خواہ مضموم
ہوتا ہے مفخم پڑھتے اور اُسکو لام جلالہ بولتے ہیں جیسے اَللّٰہُ مِنَ اللّٰہِ عَبْدُ اللّٰہِ وَرَسُوْلُ اللّٰہِ اور جب
ماقبل لام مذکور کا مکسور ہوتا ہے تب مرقق ادا کرتے ہیں جیسے بِاللّٰہِ لِلّٰہِ اس لفظ اللہ کے سوا باقی
سب جگہہ تینوں حالتوں میں خواہ لام ساکن کا ماقبل مفتوح و مضموم ہو اور خواہ مکسور ہو لام مذکور کو باریک ہی
پڑھتے ہیں جیسے یَارَبِّ الْعٰلَمِیْنَ رَبُّ الْمَلٰٓئِکَۃِ بِغَیْرِ الْحَقِّ لام ساکن کے لئے دو حالتیں اور بھی ہیں
ایک ادغام دوسرے اظہار پس ادغام اُسکا اُسوقت ہوگا کہ جب دوسرا لام متحرک اُسکے پاس آوے یا رائے مہملہ متحرک
مابعد اُسکے واقع ہو جیسے هَلْ لَّكُمْ بَلْ رَّبُّكُمْ اور اظہار اُسکو اُسوقت پڑھینگے کہ جب یہ کوئی
صورت نہو **مخرج دہم** سر زبان و شکن تالو بالائے ثنایائے علیا مع خیشوم یہاں سے نون متحرک اور
نون مظہر نکلتا اور باریک پڑھا جاتا اور لثویہ کہلاتا ہے **تنبیہ** نون مظہر وہ نون ہے جو ماقبل حروف حلقیہ کی
آوے اور ظاہر پڑھا جاوے **مخرج یازدہم** سر زبان مائل بہ پشت زبان و لثہ ہر دو ثنایائے علیا ہے
یہاں سے رائے مہملہ نکلتی او پُر بین بین اور باریک بین بین ادا کیجاتی اور منحرفہ اور مکررہ کہلاتی ہی منحرفہ اسلئے
کہ دم اخراج را کی زبان شدت سے رخاوت کی طرف منحرف ہوتی ہے اور مکررہ اسوجہ سے کہ اُسکے
بولتے وقت کنارہ زبان کا کانپتا ہے اور دوہری آواز دیتا ہے شرح مقدمہ جزری میں جسکا یہ مضمون ہے
ع وَاَخْفِ تَكْرِيْرًا اِذَا تُشَدَّدُ یعنی پوشیدہ کر تکریر رائے کو جب کہ وہ مشدد ہو شیخ عبد الحق لکھتے
ہیں کہ تکریر یائے کی پوشیدہ کرنی واجب ہے خواہ وہ رائے مشدد ہو خواہ مخفف اسلئے کہ جب قاری اپنی زبان کو تالو
سے لپٹاویگا اور زبان تھراویگی تو ہر بار کے تھرانے میں ایک رائے پیدا ہوگی پس اگر وہ رائے مشدد ہی تو بہت
سی رائیں ہوجاوینگی اور جو مخفف ہی تو بجائے ایک کے دو رائیں ہونگی اور یہ لحن فاحش ہے اس سے بچنا ضرور
ہی پس چاہیئے کہ قاری اپنی پشت زبان کو اوپر کے تالو میں اچھا محکم لپٹنا لپٹاوے تاکہ اس لحن فاحش سی محفوظ رہے
تنبیہ رائے مہملہ چھ صورتوں میں پُر پڑھی جاتی ہی اور پانچ صورتوں میں باریک پڑھی جاینگی چھ صورتوں
یہ ہیں۔ اول جبکہ رائے مفتوح خواہ مضموم ہو جیسے رَبَّنَا حَرَامٌ حُرُمٌ رُبَّ رُسُلِهٖ اَمْرُهُمْ رَسًا قُوا
دوم جبکہ ماقبل رائے وقفی کا مفتوح یا مضموم ہو مثلاً سَفَرْ عَشَرْ دُسُرْ غُمُرْ نُذُرْ سوم جبکہ ماقبل

رائے وقفی کے کوئی حرف ساکن حروف ہجا سے سوائے یائے تحتانی بعد فتحہ خواہ ضمہ کے آوے مثلاً قَدْرِ وَالْفَجْرِ غَفَّارٌ اُمُوْرُ الْعُسْرِ عُفُوْرٌ کُفُوْرٌ مگر لفظ یُسْرِ کا جو سورہ والفجر میں ہے مرقق پڑھنا اولیٰ کہا ہے چہارم جبکہ ماقبل رائی ساکن وغیر وقفی کا مفتوح خواہ مضموم ہو مثلاً قَرْیَۃٍ بَرْدًا قُرْبَانًا اُنْظُرْ اِلَی الْعِظَامِ پنجم جبکہ ماقبل رائی ساکن غیر وقفی کے کسرہ اصلی ہو اور بعد رائے مذکور کے اسی کلمہ میں حرف مستعلا آوے مثلاً مِرْصَادٌ قِرْطَاسٌ فِرْقَۃٍ تنبیہ حرف مستعلا سات ہیں جو اس ترکیب میں جمع ہیں خُصَّ ضَغْطٍ قِظْ ششم جبکہ ماقبل رائے ساکن غیر وقفی کے کسرہ عارضی ہو اور وہ کسرہ خواہ اسی کلمہ میں ہو مثلاً اِرْجِعُوْا رَبِّ ارْجِعُوْنِ اِنِ ارْتَبْتُمْ اَمِ ارْتَابُوْا **باریک پڑھی جانے کی پانچوں صورتیں** - اول جبکہ رائی مکسور ہو مثلاً رِجَالٌ رِزْقًا بِاَمْرِہٖ عَارِفٌ وَلَیَالٍ عَشْرٍ دوم جبکہ ماقبل رائے وقفی کا مکسور ہو مثلاً مُسْتَمِرٍّ قَدِرَ اٰخِرَ ظَاہِرَ سوم جبکہ ماقبل رائی وقفی کے یائے تحتانی ساکنہ ہو مثلاً سَیْرٌ خَبِیْرٌ شَہِیْرٌ کَثِیْرٌ حَقِیْرٌ چہارم جبکہ ماقبل رائی وقفی کے کوئی حرف سوائے یائی تحتانی بعد کسرہ کے آوی مثلاً بِرٌّ ذِکْرٌ فِطْرٌ شِعْرٌ سِحْرٌ مگر لفظ مصر کے مفخم پڑھتے ہیں پنجم جبکہ ماقبل رائی ساکن غیر وقفی کی کسرہ اصلی ہو اور مابعد میں رائی مذکور کے حرف مستفال آوی مثلاً فِرْعَوْنَ مِرْیَۃٍ تنبیہ حروف مستفلہ وہ ہیں جو سوا حروف مستعلیہ کے ہیں اور اب ہم ایک شجرہ بھی واسطی سریع الفہمی تفخیم اور ترقیق رائے کے نوآموزوں کے لئے لکھتے ہیں -




فائدہ مخرج ہشتم سے مخرج یازدہم تک جو چار حرف ض ل ن ر بیان ہوئے وہ لثویہ کہلاتے ہیں مخرج
دوازدہم تیزی سر زبان و بیخ ثنایای علیا ہے یہاں سے طا و دال مہملتین اور تائے فوقانیہ تین حرف نکلتے ہیں
طا کو مع الاطباق اور دال اور تا کو باریک پڑھتے ہیں اور یہ تینوں حرف نطعیہ کہلاتے ہیں مخرج سیزدہم
تیزی زبان و بالائی ثنایائے سفلی ہے یہاں سے صاد مہملہ اور زای معجمہ اور سین مہملہ نکلتی ہیں صاد کو پُر اور زا اور سین کو
باریک اور سخت پڑھتے ہیں اور اسلیہ کہتے ہیں مخرج چہاردہم بالائی زبان مع طرف ثنایائے علیا ہے
یہاں سے ظا اور ذال معجمتین اور ثائے مثلثہ تین حرف نکلتے ہیں ظا کو پُر اور ذال اور ثا کو باریک پڑھتے اور ذلقیہ
کہتے ہیں فائدہ مخرج پنجم سے مخرج چہاردہم تک جو دو حرف ق ک لہویہ یعنی جو تالو سے نکلتے ہیں اور
تین حرف ج ش ی شجریہ یعنی جو منہ کے اندر سے نکلتے ہیں اور چار حرف ض ل ن ر لثویہ
یعنی جو مسوڑھوں سے نکلتے ہیں اور تین حرف ط د ت نطعیہ یعنی جو شکن تالو سے نکلتے ہیں اور تین
حرف ص ز س اسلیہ یعنی جو زبان کی سر سے نکلتے ہیں اور تین حرف ظ ذ ث ذلقیہ یعنی جو زبان کی
تیزی یعنی نوک سے نکلتے ہیں یہ کل اٹھارہ حرف بیان ہوئے وہ سب وسطی کہلاتے ہیں مخرج پانزدہم باطن لب
زیرین و سر ثنایائے علیا ہے یہاں سے فا نکلتی ہے اور باریک پڑھی جاتی اور شفویہ کہلاتی ہے مخرج شانزدہم
کنارہ ہر دو لب ہے یہاں سے واؤ غیر مدہ اور بائے موحدہ اور میم یہ تین حرف نکلتی ہیں واؤ کے بولنے میں دونو لب
کھلے رہتے ہیں اور آگے کو نکلتے ہیں اور با اور میم کے بولنے میں دونو لب باہم منطبق ہوتے ہیں اور یہ تینوں حرف باریک
پڑھی جاتے اور شفویہ کہلاتے ہیں تنبیہ واؤ غیر مدہ وہ واو ساکن ہے جسکا ماقبل مضموم نہو تنبیہ میم ساکن حالت
اخفا اور حالت ادغام میں اپنی اصل مخرج سے ٹلکر ہمیشہ خیشوم میں پہنچتی ہے اور غنہ کے ساتھ ادا ہوتی ہے
اور راجع کہلاتی ہے فائدہ اخفا غنہ کے ساتھ پوشیدہ پڑھنے کو کہتے ہیں اور ادغام عموماً اسے کہتے ہیں کہ حرف
ساکن اپنے حرف مابعد متحرک میں پوشیدہ ہوکر مشدد پڑھا جائے غنہ کے ساتھ خواہ بلا غنہ جب اقتضائے محل مگر
ادغام میم ساکن کا ہمیشہ باغنہ ہوتا ہے اور غنہ ناک کے بانسے کی آواز کو کہتے ہیں پس غنہ میم کے لئے ایک صفت
لازمی ہے کہ کبھی اس سے منفک نہیں ہوتی تنبیہ میم ساکن تین صورت سے پڑھی جاتی ہے ادغام کے
ساتھ اخفا کے ساتھ اور اظہار کے ساتھ۔ ادغام کے ساتھ اسوقت پڑھی جاتی ہے کہ جب میم مذکور کے
پاس میم متحرک آتی ہے مثلاً لَكُمْ مَّا كَسَبْتُمْ فِىْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ مِّنْهُمْ مَّنْ كَلَّمَ اللّٰهُ
اور اخفا غنہ کے ساتھ علی الاشہر اسوقت پڑھی جاتی ہے کہ جب اسکے پاس سوائے میم متحرکہ اور بائے موحدہ آتی
ہے مثلاً وَمَا هُمْ بِمُؤْمِنِيْنَ اور اظہار اسوقت پڑھی جاتی ہے کہ جب اسکے پاس سوائے میم متحرکہ اور
بائے موحدہ متذکرہ بالا کے باقی حروف ہجا علی الخصوص واؤ اور فا آتے ہیں مثلاً عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ
لَهُمْ فِيْهَا اور مقصود اظہار سے یہ ہے کہ میم کا سکون پورا پورا ٹھیک ادا ہو یہ نہو کہ حرکت کی مشابہ
ہو جائے مقدمہ جزری میں ہے، شعر وَأَظْهِرَنْهَا عِنْدَ بَاقِي الْأَحْرُفِ وَاحْذَرْ لَدَى وَاوٍ

وَفَا اَنْ تَخْتَفِی یعنی اظہار کر میم ساکن کو نزدیک باقی حروف کے جو باء موحدہ کے سوا ہیں اور پرہیز کرو واؤ
فاء کے نزدیک اس بات سی کہ خفا کرے تو میم کو پس واؤ اور فا کے پاس خفا سی بچنے کے لئے بوجہ ایک ہونے
مخرج میم اور واؤ اور قریب ہونے مخرج میم و فا کے اظہار میں میم ساکن کے مبالغہ کیا گیا ہی تاکہ شبہہ نہو کہ جسطرح باء
موحدہ کے پاس میم خفا کیجاتی ہے اسیطرح واؤ اور فاء کے پاس بھی خفا کیجاتی ہی شیخ عبد الحق شرح مقدمۂ
جزری میں لکھتے ہیں کہ بسبب ہونے میم کے اظہار کا واؤ اور فاء کے پاس اور اسکے اظہار کی تاکید سی مشبہہ
مذکورہ سی بچنے کے واسطے ہے ورنہ میم ساکن موجب قول مختار اور پسندیدہ کے سب حروف پاس با ستثنائی
باء موحدہ کے اظہار کیجاتی ہے اور جو کہتے ہیں کہ میم ساکن حروف لفظ **بوف** کے پاس اظہار کیجاتی ہی سو اسکے
شابعت سی کہتے ہیں جسنے گمان کیا ہے کہ میم ساکن باء موحدہ کے پاس بھی اظہار کیجاتی ہی انتہی بقدر الحاجۃ

مخرج ہفتدہم خیشوم یعنی ناک کا بانسا ہی یہاں سے نون خفی غنہ کے ساتھ بولا جاتا ہی **تنبیہ** نون خفی وہ
نون ساکن ہی جو قبل حروف حلقیہ اور حروف لفظ **یرملون** کے آوی اور پوشیدہ پڑھا جائی اور جو
نون ساکن قبل یرملون کے آتا ہی وہ اپنے مابعد کے حرف سی بدل ہوتا ہے جیسا کہ آگے معلوم ہوگا اور
غنہ ایک صفت لازمی ہی نون اور میم کے لئی مطلقا کہ کسی حالت میں اُنسے جدا نہیں ہوتی ساکن ہوں خواہ
متحرک اور مشدد ہوں خواہ مخفف اور اظہار کی حالت میں ہوں خواہ اُسکی ضد ادغام اور اخفا کی حالت
میں اور پھر یہ غنہ حرکت کی حالت سے سکون کی حالت میں پورا ہوتا ہی اور اظہار کی حالت سے اخفا کی حالت
میں خوب زیادہ ہوتا ہی اور خفا کی حالت سی ادغام کی حالت میں اور بھی زیادہ ہوتا ہی اور تاخیر غنہ
میں برابر حروف مدہ کے کہتی ہیں جسکا اندازہ ایک الف برابر ہوتا ہے اور یہ اندازہ مد طبعی کا ہی
جسکا بیان ہم آگے فصل مدات میں کرینگے **تنبیہ** نون ساکن یا نون تنوین چار صورت سے پڑھا جاتا ہی
اول اظہار اظہار سی یہ مقصود ہے کہ علیحدگی نون کے سکون کی اُسکی حرف مابعد سے ظاہر ہووے
پس یہ اظہار دو طرح پر ہے ایک یہ کہ بعد نون ساکن کے کلمہ واحد میں لفظ **یومن** سے کوئی
حرف آوی اور نون مذکور کلمے کے درمیان میں ہو مثلاً دُنْیَا عُنْوَان دوسری یہ کہ بعد نون ساکن کے
کلمہ واحد میں یا دوسرے کلمہ مابعد میں کوئی حرف حروف حلقیہ سی آوے مثلاً اَنْعَمْتَ و مُنْخَنِقَۃ و
مَنْ اٰمَنَ و مِنْ عِنْدِ اللّٰہِ و رَسُوْلٌ اَمِیْنٌ و عَذَابٌ اَلِیْمٌ **دوم ادغام** اور ادغام کی
بھی دو نوع ہیں ایک ادغام مجرد دوسرا ادغام بالغنہ پس ادغام مجرد سو وقت ہے کہ جب بعد نون ساکن کی
دو حرفوں رای مہملہ اور لام سے کوئی حرف آوی مثلاً مِنْ رَّبِّکُمْ و لَمْ یَکُنْ لَّہٗ اور ادغام
بالغنہ سو وقت ہے کہ جب بعد نون ساکن کے لفظ یومن سی کوئی حرف وارد ہو مثلاً مَنْ یَّقُوْلُ مِنْ
مَّارِجٍ مِنْ نَّارٍ و مِنْ وَّرَآءِ و طٰسٓمٓ و مگر یٰسٓ وَالْقُرْاٰنِ الْحَکِیْمِ اور نٓ وَالْقَلَمِ میں
ادغام اور فک ادغام دونو مروی ہیں **سوم قلب** اور قلب سو وقت ہی کہ جب بعد نون ساکن کے

بائے موحدہ آوے مثلاً مِنۢ بَعۡدِ اَنۡبِيَاۤءِ اَنۡبِئۡهُمۡ صُمٌّۢ بُكۡمٌ عَلِيۡمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوۡرِ
پس ایسی حالت میں نون ساکن کو میم مختفیہ سے غنّہ کے ساتھ ابدال کرتے ہیں چہارم اخفا اوریہ
اُسوقت ہے کہ جب بعد نون ساکن کے کوئی حرف سوائے حروف حلقیہ اور حروف یرملون اور بائے موحدہ کے
آوے خواہ وہ کلمۂ واحد میں ہو مثلاً اَنۡتُمۡ اَنۡذَرۡتَهُمۡ اور خواہ کلمۂ مابعد میں مثلاً مِنۡ دُوۡنِ
اللّٰهِ قَوۡلًا ثَقِيۡلًا تنبیہ اخفا وہ حالت ہے جو ادغام اور اظہار کے درمیان درمیان قرار دیگئی
ہے اور مقصود خفا سے یہ ہے کہ نون ساکن کا اُسکے حرف مابعد سے ادغام تو ہو نہیں مگر قریب بادغام ہو جس
سے علیحدگی اُسکے سکون کی حرف مابعد سے ظاہر نہو اور اب ہم بذریعہ رسم ایک چہرہ کے مخل
خراج حروف کو بتلاتے ہیں اگر کہا جائے کہ تصویر کھینچنا تو منع ہے موطائے شریف میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے
وارد ہے اِنَّهَا اشترت نمرقۃ فیہا



تصاویر فلما راہا رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم قام علی الباب ولم یدخل معرفت
الکراہۃ فی وجہہ قالت یارسول اللہ اتوب
الی اللہ ورسولہ ماذا اذنبت فقال رسول اللہ صلعم
مابال ہذہ النمرقۃ قالت اشتریتہا لک لتقعد
علیہا وتوسدہا فقال رسول اللہ صلعم
ان اہل ہذہ الصور یعذبون یوم القیامۃ
یقال لہم احیوا ما خلقتم ثم قال
ان البیت الذی فیہ ہذہ الصور
لاتدخلہ الملئکۃ + + + + +

یعنی اُنھوں نے ایک تکیہ خریدا اُسپر تصویریں بنی ہوئی تھیں جب رسول اللہ نے اُسکو دیکھا تو آپ
حجرہ کے دروازہ پر کھڑے ہو رہے اور اندر نہ آئے اور آپ کے چہرہ مبارک پر ناراضی کے آثار معلوم
ہوئے حضرت عائشہ نے کہا میں توبہ کرتی ہوں اللہ اور اُسکے رسول سے میرا کیا گناہ ہے آپ نے
فرمایا یہ تکیہ کیسا ہے عائشہ نے کہا میں نے اس تکیہ کو اس لئے خریدا ہے کہ آپ اسپر بیٹھیں اسپر تکیہ لگا دیں
رسول اللہ صلعم نے فرمایا تصویر بنانیوالے عذاب کئے جاوینگے قیامت کے روز اُن سے کہا جائیگا
تم جلاؤ ان تصویروں کو جنکو تمنے دنیا میں بنایا تھا پھر آپ نے فرمایا جس گھر میں تصویر ہوتی ہے

اُسمیں فرشتے نہیں آتے توہم کہتے ہیں کہ یہ حدیث منسوخ ہی حدیث عمرہ بنت عبدالرحمٰن سے اسی موطا شریف میں ہے عن عمرة بنت عبد الرحمن انها قالت خرجت عائشة زوج النبی صلی الله علیه وسلم الی مکة ومعها مولاتان لها ومعها غلام لبنی عبدالله ابن ابی بکر الصدیق فبعث مع المولاتین ببرد من حل قد خیط علیه خرقة خضراء قالت فاخذ الغلام البرد ففتق عنه فاستخرجه وجعل مکانه لبدا او فروة وخاط علیه فلما قدمت المولاتان المدینة دفعتا ذلك الی اهله فلما فتقوا عنه وجدوا فیه اللبد ولم یجدوا البرد فکلموا المولاتین فکلمتا عائشة او کتبتا الیها واتهمتا العبد فسئل العبد عن ذلك فاعترف فامرت به عائشة زوج النبی صلی الله علیه وآله وسلم فقطعت یده وقالت عائشة القطع فی ربع دینار فصاعدا یعنی عمرہ بنت عبدالرحمٰن سے روایت ہی کہ حضرت عائشہ رض مکہ کو گئیں اُنکی ساتھ دو لونڈیاں تھیں اور ایک غلام تھا عبدالرحمٰن بن ابی بکر رض کی اولاد کا حضرت عائشہ نے مکہ سے اُن دونو لونڈیوں کے ہاتھ ایک چادر بھیجی جسمیں تصویریں بنی ہوئی تھیں مردوں کی ایک سبز کپڑے میں اُسکو لپیٹ کر سی دیا تھا غلام نے کپڑے کی سیون اُدھیڑ کر اور چادر اُسمیں سے نکال کر اور چادر کی جگہہ نمدہ رکھکر پھر اُسے سی دیا جب دونو لونڈیاں مدینہ کو آئیں اور وہ امانت جنکو حضرت عائشہ نے کہا تھا سپرد کی اُنہوں نے اُدھیڑ کر دیکھا تو نمدہ ہی چادر نہیں ہے لونڈیوں سے پوچھا لونڈیوں نے حضرت عائشہ کو کہلا بھیجا یا لکھہ بھیجا اور اپنا گمان غلام پر ظاہر کیا جب غلام سے پوچھا گیا اُسنے اقرار کیا حضرت عائشہ نے اُسکی ہاتھہ کاٹنے کا حکم دیا اُسکا ہاتھہ کاٹا گیا حضرت عائشہ نے فرمایا کہ ربع دینار یا زیادہ میں ہاتہ کاٹا جاتا ہی پس اس سے ثابت ہی کہ بنانا تصویر کا اور اُسکی خرید اور فروخت اور بھی اُس کپڑے کا استعمال جسپر یہ تصویریں تھیں اگر ممنوع ہوتا تو خاص اُمّ المومنین رض سے وقوع میں نہ آتا بلکہ اُس چادر پر تصویریں بنانیوالے یا اُس چادر کے بھیجنے والے کو ممانعت شرعی کیجاتی اور پھر ہمنے تو صرف چہرہ کھینچا ہے پوری تصویر بھی نہیں ہے

فصل دوم صفاتِ حروف کے بیان میں

ہمنے عنوانِ فصلِ مخارج میں وعدہ کیا تھا کہ مابہ الامتیاز حروف کو ہم آئندہ جداگانہ فصل میں بیان کرینگے سو وہ وعدہ اس فصل میں وفا کیا جاتا ہی مجوّدین نے فرمایا ہی کہ جسطرح سونے کے واسطے کسوٹی ہوتی ہے اسیطرح حروف کیواسطے اُنکی صفات لازمی ہیں جنسے کیفیت اور حقیقت و انکشاف ہوتی ہے اگر یہ صفات نہوتیں تو سب حروف ہجا ایک ہو کر چوپائے کی آواز کے طور پر ہو جاتی اور نہ کوئی مضمون نہ سمجھا جاتا اگرچہ یہ صفات تقریبا چوالیس یا اس سے بھی زیادہ ہونگی مگر ہم یہاں اُنہیں چند صفات کو ذکر کرینگے جنکی استعلام اور اُنپر عمل کرنے بغیر نو آموزوں کو چارہ نہیں اُنکی معلوم کرنے کے بعد اگر توفیق رفیق ہو تو بڑی بڑی کتب کیطرف جو اس علم میں ہیں رجوع لازم ہے

پس مخفی نرہی کہ منجملہ اُن صفات کے ایک جہر ہے جو بلند کرنے آواز کے معنیٰ میں ہے پس مجہورہ
وہ حروف ہیں جنکی مخرج پر خوب زور سے شروع میں سانس اٹک کر اور موقوف ہوکر جاری ہو اور
بلند آواز نکلے اور اُس آواز میں شدت نہو ایسے سب حروف انیس ہیں جو اس ترکیب میں جمع ہیں
ظل قو ربض اذ غز جند مطیع اور از انجملہ ایک صفت ہمس ہی جو جہر کی ضد ہے
اور ہمس دبی اور نرم آواز کو کہتے ہیں پس مہموسہ وہ حروف ہیں جنکی کمزوری کی وجہ سے انکی
مخرج پر ضعف کے ساتھ آواز نکلے پھر اُنکے نکلتے وقت شروع سے اُنکے ساتھ جاری رہے
ایسے سب حروف دس ہیں جو اس ترکیب میں جمع ہیں سکت فحثہ شخص اور از انجملہ
ایک صفت شدۃ ہے جو سختی کے معنیٰ میں ہی پس شدیدہ وہ حروف ہیں کہ اُنکے بولتے وقت
اُنکی آواز میں ایک سختی پائی جائے اور سکون اور ادغام کی حالت میں سانس اُنکی مخرج پر پہنچکر
بالکل موقوف ہوجائے مطلق جاری نرہی اور آواز اُنکی اُسی جگہہ ٹھیری رہے ایسے سب
حروف آٹھ ہیں جو اس ترکیب میں جمع ہیں اجدک قطبت اور از انجملہ ایک صفت
رخاوت ہے جو ضد شدۃ کی ہے اور جسکے معنیٰ نرمی اور سستی کے ہیں پس رخوہ
وہ حروف ہیں جنکی بولتے وقت مخرج پر کچھہ سانس جاری رہے ایسے سب تیرہ حرف ہیں جو
اس ترکیب میں جمع ہیں حس شخص ھذ فظ غض ثذ تنبیہ مجموع حروف شدیدہ
اور رخوہ باہم متضادہ کا اکیس ہوتا ہے اور ہمکو سب حروف ہجا اُنتیس چاہئیں پس آٹھ حرف
جو باقی رہے شدۃ اور رخوہ دونو میں مشترک ہیں اور متوسطہ کہلاتے ہیں اور اس ترکیب
میں جمع ہیں لم یر وعنا اور ایک صفت از انجملہ استعلا ہی جو بلندی کے معنیٰ میں
ہے پس مستعلیہ وہ حرف ہیں جو اپنی تلفظ میں زبان کو اعلیٰ کی طرف مائل کریں ایسے سب
حروف سات ہیں جو اس ترکیب میں جمع ہیں خص ضغط قظ اور از انجملہ ایک صفت استفال
ہے جو استعلا کی ضد ہے اور معنیٰ اُسکی پست نے کے ہیں پس مستفلہ وہ حروف ہیں جنکی بولتے میں زبان اسفل
کو میلان کرتی ہی ایسے سب حروف بائیس ہیں جو سوا حروف مستعلیہ کے ہیں اور از انجملہ ایک صفت اطباق ہی
جو لپیٹنے اور ڈھکنے کے معنیٰ میں ہی پس مطبقہ وہ حروف ہیں جنکی بولتے وقت زبان کا کوئی حصہ تالو سے
لپٹے اور منطبق ہو اور ہوا درمیان تالو اور زبان کے محبس ہو ایسے سب چار حرف ہیں صض ط ظ
اور از انجملہ ایک صفت انفتاح ہی جو ضد اطباق کی ہی اور معنیٰ اُسکے کشادگی کے ہیں پس منفتحہ وہ حروف ہیں
جنکے بولنے میں تالو اور زبان کی کشادگی رہے اور ہوا انکی درمیان سے نکلے ایسی سب حروف پچیس ہیں اور وہ
سوا حروف اطباقیہ کے ہیں اور از انجملہ ایک صفت اذلاق ہی اور ذلق کنارہ زبان یا کنارہ لب کو کہتی ہیں
پس مذلقہ وہ حرف ہیں جو کنارہ زبان یا کنارہ لب سے نکلیں اور کلام عرب میں کوئی رباعی اور خماسی انکی

خالی نہو ان حرفوں کو حروف فصاحت بھی کہتے ہیں یہ سب چھ حرف ہیں جو اس ترکیب میں جمع ہیں مُرِّ بِنَفَل اور ازانجملہ ایک صفت صمات ہی جو صمت سے بنا ہی اور جسکے معنی خاموش اور تکلم سے منع کرنے اور باز رکھنے ہیں اور صمات ضد اذلاق کی ہے پس مصمتہ وہ حرف ہیں جو مانع ہیں تکلم کو لغت عرب میں بوجہ ثقل کے تنہا پائے اپنے کو ہر رباعی اور خماسی بدون ادخال حروف مذلقہ کے یہی حرف سب بیس ہیں جو سوا حروف مذلقہ کے ہیں اور ازانجملہ ایک صفت قلقلہ ہے جو شدت سے بلند کرنے آواز کو کہتے ہیں پس مقلقلہ وہ حروف ہیں جنمیں ضغطہ شدیدہ ہو اور اپنی مخرج میں جنبان ہوں اور جنبش حالتِ سکون علی الخصوص حالتِ وقف میں زیادہ ہو ایسے پانچ حرف ہیں جو اس ترکیب میں جمع ہیں قُطْبُ جَدٍ اور عمدہ ترین اس صفت میں قاف ہے تنبیہ حرف مقلقلہ حالت سکون اور حالت وقف میں بالکل چھپ جاتی ہیں صرف مخرج کی جنبش کے سبب سے اسی آواز انکی سنائی دیتی ہی جس سے کسیقدر فتحہ کی بو آتی ہے اور اسی سے وہ پہچانے جاتے ہیں نہیں تو بالکل مٹ جاویں مثلاً یَقْطَعُوْنَ خَلَقَ حَلَّاق اور ازانجملہ ایک صفت صفیرہ اور صفیرہ وہ حروف ہیں جنکی آواز بوجہ سختی کے مانند آواز کنجشک کے ہو وہ تین حرف ہیں ز س ص تنبیہ صفات متذکرہ سے کوئی صفت قوی ہی اور کوئی ضعیف اور ضعیف بوجہ ہمسائگی قوی کے اکثر چھپ جاتی ہی بلکہ نیست و نابود ہو جاتی ہی اور یہ بہت بڑی لحن جلی ہے اہلی جاننے کہ کوئی صفت کسی حرف کی مخفی نپاوی بخلاف صفت تکریر کی کی جسکی وجہ ہم پہلے لکھ چکے ہیں اگر کسی حرف میں صفات قویہ جمع ہوں تو وہ بڑی قوت والا حرف ہے مثلاً طا مطبقہ کہ جہر و شدۃ اور استعلا و اطباق و صمات و قلقلہ چھ صفات قویہ اسمیں جمع ہیں اور جنمیں کہ صفات ضعیفہ جمع ہوں تو وہ کمزور حرف ہے مثلاً ہائے ہوز کہ اسمیں ہمس اور رخاوت اور استفال اور انفتاح اور استقرار سب صفتیں ضعیف ہیں ایک صفت صمات کی جو قوی ہے تو اسکی لیے مخرج اسکا دور ہی اور دوری مخرج کی اسیطرح سبب ضعف کا ہوتی ہی جسطرح نزدیکی مخرج کی موجب قوت کا ہوتی ہی تو معلوم ہوا کہ ہا ہوز نہایت کمزور اور بغایت پوشیدہ درجہ کا حرف ہی جسکی محافظت بہت ضروری ہے کہ ہمسائگی حرف قوی سے مٹ نجاوے اور جس حرف میں بعض صفات قویہ اور بعض ضعیفہ جمع ہوں تو وہ میانہ ہے مثلاً ہمزہ کہ جہر و شدۃ و صمات کی سبب سے قوی اور استفال اور استقرار اور انفتاح کی سبب سے کمزور ہے اور پھر میانہ حروف بھی باہم متفاوت ہیں مثلاً ہمزہ بھی میانہ ہی اور بای موحدہ بھی میانہ ہی مگر بای موحدہ ہمزہ سے قوی ہی قرب مخرج کی سبب و نحو ذالک احکام صفات حروف کے طلبہ پر سوقت ظاہر اور منکشف ہونگے جب کہ وہ علم تجوید سیکھنے اور اسپر عمل کرنے پر کمربستہ ہونگی اور اب ہم ایک جدول کے ذریعہ قوت و ضعف ہر ایک حرف کا دکھلاتے ہیں اس جدول کی خانہ صفت میں محاذی ہر ایک حرف کی یہ علامت ہے (مط) اس صفت میں متوسط ہوتی اور یہ علامت (ایضاً) اس صفت سے موصوف ہوتی اور یہ علامت (م) اس صفت سے مستثنی ہو حرف متوسط کی ...

حروف تہجی	صفات قویّہ											متوسط بین الرخوۃ والشدیدہ	صفات ضعیفہ				
	مصمتہ	مجہورہ	شدیدہ	مستعلیہ	مقلقلہ	منطبقہ	صفیرہ	منحرفہ	مکررہ	مستطیلہ	متفشی		منفتحہ	مستفلہ	رخوہ	مہموسہ	مذلقہ
ا	ایضاً	ایضاً	.	.	.	.	.	.	.	.	.	مط	ایضاً	ایضاً	.	.	.
ب	.	ایضاً	ایضاً	.	ایضاً	.	.	.	.	.	.	.	ایضاً	ایضاً	.	.	ایضاً
ت	ایضاً	.	ایضاً	.	.	.	.	.	.	.	.	.	ایضاً	ایضاً	.	ایضاً	.
ث	ایضاً	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	ایضاً	ایضاً	ایضاً	ایضاً	.
ج	ایضاً	ایضاً	ایضاً	.	ایضاً	.	.	.	.	.	.	.	ایضاً	ایضاً	.	.	.
ح	ایضاً	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	ایضاً	ایضاً	ایضاً	ایضاً	.
خ	ایضاً	.	.	ایضاً	.	.	.	.	.	.	.	.	ایضاً	.	ایضاً	ایضاً	.
د	ایضاً	ایضاً	ایضاً	.	ایضاً	.	.	.	.	.	.	.	ایضاً	ایضاً	.	.	.
ذ	ایضاً	ایضاً	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	ایضاً	ایضاً	ایضاً	.	.
ر	.	ایضاً	.	.	.	.	.	ایضاً	ایضاً	.	.	مط	ایضاً	ایضاً	.	.	ایضاً
ز	ایضاً	ایضاً	.	.	.	.	ایضاً	.	.	.	.	.	ایضاً	ایضاً	ایضاً	.	.
س	ایضاً	.	.	.	.	.	ایضاً	.	.	.	.	.	ایضاً	ایضاً	ایضاً	ایضاً	.
ش	ایضاً	.	.	.	.	.	.	.	.	.	ایضاً	.	ایضاً	ایضاً	ایضاً	ایضاً	.
ص	ایضاً	.	.	ایضاً	.	ایضاً	ایضاً	.	.	.	.	.	.	.	ایضاً	ایضاً	.
ض	ایضاً	ایضاً	.	ایضاً	.	ایضاً	.	.	.	ایضاً	.	.	.	.	ایضاً	.	.
ط	ایضاً	ایضاً	ایضاً	ایضاً	ایضاً	ایضاً	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.
ظ	ایضاً	ایضاً	.	ایضاً	.	ایضاً	.	.	.	.	.	.	.	.	ایضاً	.	.
ع	ایضاً	ایضاً	.	.	.	.	.	.	.	.	.	مط	ایضاً	ایضاً	.	.	.
غ	ایضاً	ایضاً	.	ایضاً	.	.	.	.	.	.	.	.	ایضاً		ایضاً	.	.
ف	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	ایضاً	ایضاً	ایضاً	ایضاً	ایضاً
ق	ایضاً	ایضاً	ایضاً	ایضاً	ایضاً	.	.	.	.	.	.	.	ایضاً	.	.	.	.
ک	ایضاً	.	ایضاً	.	.	.	.	.	.	.	.	.	ایضاً	ایضاً	.	ایضاً	.
ل	.	ایضاً	.	.	.	.	.	ایضاً	.	.	.	مط	ایضاً	ایضاً	.	.	ایضاً
م	.	ایضاً	.	.	.	.	.	.	.	.	.	مط	ایضاً	ایضاً	.	.	ایضاً
ن	.	ایضاً	.	.	.	.	.	.	.	.	.	مط	ایضاً	ایضاً	.	.	ایضاً

حروف ہجا	صفات قویّہ												صفات ضعیفہ				
	مصمتہ	مجہورہ	شدیدہ	مستعلیہ	مقلقلہ	منطبقہ	صفیریہ	منحرفہ	مکررہ	مستطیلہ	متفشّی	مستحق مد یعنی حروف مدہ	منفتحہ	مستفلہ	رخوہ	مہموسہ	مذلقہ
و	ایضاً	ایضاً	.	.	.	.	.	.	.	.	.	مط	ایضاً	ایضاً	.	.	.
ہ	ایضاً	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	ایضاً	ایضاً	ایضاً	ایضاً	.
ء	ایضاً	ایضاً	ایضاً	.	.	.	.	.	.	.	.	.	ایضاً	ایضاً	.	.	.
ی	ایضاً	ایضاً	.	.	.	.	.	.	.	.	.	مط	ایضاً	ایضاً	.	.	.

فصل سوم اغلاط صریحہ کے بیان میں اتفاق ہے کہ کسی نے عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے سامنے آیۂ کریمہ انما الصدقات للفقراء کو بلا مد تلاوت کیا آپ نے اسکو سنکر فوراً مع مد کے تلاوت فرمایا اور ارشاد کیا کہ مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے اسطرح تعلیم فرمایا پس جب کہ بغیر مد کے تلاوت آیۂ موصوفہ کی جو متبدل معنی مقصود کے نہیں خلاف ما انزل اللہ ٹھہری تو پھر ظاہر ہے کہ تبدیل حرف سے تو قرأت قرآنی اور تلاوت فرقانی بدرجۂ اولیٰ خلاف ما نزل قرار پاویگی اگر غور کیا جائے تو خلل تبدیل حرف کا ترک حرف سے شدید تر ہو اسلئے کہ ترک حرف میں تو فقط نقصان اُس حرف کا ہی ہے اور تبدیل حرف میں نقصان اور زیادہ دونو متصور ہیں جو قباحت لفظی اور معنوی کو دلالت کرتی ہیں ہم قبل ازیں فصل مخارج اور صفات حروف میں دکھلا چکے ہیں کہ جملہ حروف ہجا اپنی اپنی آوازوں میں ایک دوسرے کے متبائن اور متخالف ہیں کوئی حرف ایسا نہیں ہے جو اپنی آواز میں مماثل کسی دوسرے حرف کا ہو پس جب تغائر اور تبائن اُنکے اصوات کا باہدگر متحقق ہے تو پھر خطائے صریحی اور غلطی بدیہی ہے جو ہم بولتے ہیں مثل ایسے الفاظ کے جیسے عسی وعصی اور غیظ وغیض اور اسماد و اثماد اور نصل ونسل اور ثواب وصواب اور ثناء وسنا اور اثیل واصیل اور احتظاظ واحتزاز اور عقرب واقرب اور عمل وامل اور ادب وعذاب اور ذم وزم وضم اور اسراد واشراد اور فاتر وفاطر اور فائز وفایض اور فطرت وفترت اور محذور ومحظور اور اجر وعجم اور ہرم وحرم اور ظہر وزہر اور ارض وعرض اور قل وکل اور فلات وفلق اور الم وعلم اور محسن ومحصن اور معقول وماکول اور موجل ومعجل اور منثور ومنصور ومنشور اور عشرات وعثرت اور کثیف وکسیف اور عذب وعضب اور عز وعض اور نذیر ونضیر ونظیر